## سوال

(1087) غیر محرموں کی طرف دیکھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا آدمی کے لیے جائز ہے کہ جس عورت سے وہ نکاح کرنا چاہتا ہے اس کے چہرے اور ہاتھ کے علاوہ بال اور گردن وغیرہ دیکھ لے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بظاہر، واللہ اعلم، یہ جائز معلوم ہوتا ہے، بشرطیکہ پہلے سے یہ معاملہ طے شدہ نہ ہو۔ آپ علیہ السلام کے ایک فرمان کا مفہوم کچھ یوں ہے :

إذا ألقی فی قلب أحدکم خطبة امرأة فلینظر إن ما یدعوہ إلی نکاحها

''جب تم میں سے کسی کے دل میں کسی عورت کے لیے پیغام کی بات ڈال دی جائے، تو اسے چاہئے کہ جو بات اس کے لیے اس سے نکاح کی داعی ہے، اسے دیکھ لے۔''

اور کسی طے شدہ بات کے تحت اسے چہرے اور ہاتھوں کے علاوہ دیکھنا جائز نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 764

محدث فتویٰ